## تحصیل چنیوٹ کوضلع کادرجہ دیاجائے،حیدرعباس رضوی

## گنے کے چھوٹے کاشتکاروں کی فصل کی قیمت کی ادائیگی شگرمل مالکان سے کرائی جائے

## چنیوٹ میں جلسہ عام سےایم کیوایم کے رہنماؤں کاخطاب

## فیصل آبادکی تحصیل چنیوٹ میں متحدہ قومی موومنٹ کے دفتر کاافتتاح،فیصل آبادسے موٹرسائیکل ریلی

فیصل آباد۔۔۔4،اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی نے مطالبہ کیا کہ تحصیل چنیوٹ کوضلع کا درجہ دیا جائے اور گنے کے چھوٹے کاشتکاروں کی فصل کی قیمت کی ادائیگی فوری طور پرشگرمل مالکان سے خالی کرائی جائے ۔ یہ بات انہوں نے فیصل آباد کی تحصیل چنیوٹ میں ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزرامان اللہ خان ، ایم کیوایم فیصل آباد زون کے انچارج رانا عرفان اورتحصیل چنیوٹ کے انچارج حسن کامران بٹ کے علاوہ دیگر ذمہ داران اورکارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے ۔قبل ازیں حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی نے فیصل آبادکی تحصیل چنیوٹ میں ایم کیوایم کے دفتر کاافتتاح کیا۔جبکہ فیصل آباد شہرسے موٹرسائیکل ریلی بھی نکالی گئی جس میں موٹرسائیکل سوارایم کیوایم کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی نے مطالبہ کیا کہ تحصیل چنیوٹ کاضلع کادرجہ دیاجائے اور گنے کے چھوٹے کاشتکاروں کی فصل کی قیمت کی ادائیگی فوری طور پرشگرمل مالکان سے خالی کرائی جائے ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے حق پرستی کاعلم اٹھایا ہوا ہے جو ملک سےفرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خاتمہ کیلئےعملی جدوجہدکررہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ فیصل آباد کی تحصیل چنیوٹ میں ایم کیوایم کے دفتر کاافتتاح قائدتحریک جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ اورنظریئے کےفروغ کا کھلاثبوت ہےاورانشاءاللہ وہ دن دورنہیں جب ملک بھرکے 98فیصدغریب ومتوسط طبقے کےعوام ایم کیوایم کے پرچم تلےمتحدہوکرملک سےظلم وستم کے نظام کا خاتمہ کردیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم،ملک سے موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے تاکہ غریب ومتوسط طبقہ کے پڑھے لکھے افرادکوبھی سیاسی کردارادا کرنے کے مواقع میسرآسکیں ۔جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزرامان اللہ خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہرقسم کےتعصب سے پاک جماعت ہےاوراس میں صرف اورصرف انصاف کے زریں اصول کےتحت ہی فیصلے کئے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ نے سازشوں کے ذریعے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے عالمگیریت پرمشتمل نظریئےاورفلسفہ کوروک کراسے دیوار سےلگانے کی ہرممکن کوشش کی مگرتمام ترسازشوں کے باوجودایم کیوایم آج بھی ملک بھرکےعوام کی عملی خدمت کررہی ہے۔

## سول ایوی ایشن اتھارٹی میں 5اگست کوہونے والے ریفرنڈم سےایم کیوایم لیبرڈویژن نے لاتعلقی کااعلان کردیا

## ریفرنڈم کے سلسلے میں نہ کسی یونین سےالحاق کیاہےاورنہ ہی کسی یونین کی حمایت کااعلان کیا گیاہے،کارکنان و ہمدرداپنے ووٹ کاآزادانہ استعمال کریں

کراچی۔۔۔4،اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کےانچارج وارا کین نے سول ایوی ایشن اتھارٹی میں مورخہ 5اگست کوہونے والے ریفرنڈم سےلاتعلقی کااعلان کیا ہے۔اپنےمشترکہ بیان میں لیبرڈویژن کےارکان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے سول ایوی ایشن میں ہونے والے ریفرنڈم میں نہ توکسی یونین سے الحاق کیاہےاورنہ ہی کسی یونین کی حمایت کااعلان کیا ہےلہٰذاادارے میں موجودایم کیوایم کےکارکنان وہمدردکسی بھی قسم کے پروپیگنڈے میں نہ آئیں اوراپنے ووٹ کاآزادانہ استعمال کریں۔

## ایم کیوایم ناظم آبادگلبہارسیکٹرکے کارکن سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔4،اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آبادگلبہارسیکٹریونٹ 180 کے کارکن سہیل احمد کی ہمشیرہ محترمہ نسیم ابرار کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## شہر کو طالبان کی دہشت گردیوں سے نجات دلانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں
## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اور نائن زیرو پر پیغامات

کراچی۔۔۔4، اگست 2008ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کو انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا ہے اور ارباب اختیار و اقتدار سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں میں تیزی کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے شہر کو طالبان کی دہشت گردیوں سے نجات دلانے کیلئے ہر ممکن اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کی شام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کے بعد ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں فیکس، ای میل اور ٹیلی فون پیغامات میں کیا۔ اپنے پیغامات میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو قبل از وقت ہی عوام کو خطرات سے آگاہ کرتے رہے ہیں اور کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں پر ان کے بیان کردہ حقائق اور تفصیلات کو کوئی بھی باشعور شخص نظر انداز نہیں کرسکتا۔ شہریوں نے کہا کہ کراچی کے عوام الحمدللہ مسلمان ہیں اور انہیں کسی ڈنڈا بردار اور کلاشنکوفی شریعت کی ضرورت نہیں ہے اور جو عناصر مذہبی انتہاء پسندی کے ذریعہ دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کررہے ہیں کراچی کے عوام ان کے گھناؤنے مقاصد کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

## الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کا چہلم

کراچی۔۔۔4، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ماموں زاد بہن ڈاکٹر ادیب سلطانہ کا چہلم مدینہ مسجد گلشن اقبال 13-G میں منعقد ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی۔ چہلم کے اجتماع میں حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محمد مزمل قریشی، گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم واسع جلیل، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

## ارشد حسین کی نئی کتاب ''پاکستان اور حوّا کی بیٹی'' شائع ہوچکی ہے
## تقریب رونمائی جمعرات 7 اگست کو آرٹس کونسل میں ہوگی، معروف دانشور، ادیب اور قلمکار شرکت کریں گے

کراچی۔۔۔4/ اگست 2008ء

معروف کالم نگار و مصنف ارشد حسین کی نئی تصنیف ''پاکستان اور حوّا کی بیٹی'' شائع ہوگئی ہے، کتاب 232 صفحات پر مشتمل ہے جس میں مصنف ارشد حسین نے پاکستانی معاشرے میں خواتین پر ڈھائے جانیوالے مظالم کے حقیقی واقعات اور خواتین کے بنیادی حقوق کا جامع انداز میں تذکرہ کیا ہے۔ کتاب کا سرورق انتہائی خوبصورتی سے تیار کیا گیا ہے جس پر رسیوں اور زنجیر سے جکڑی عورت کو آگ میں جلتا دکھایا گیا ہے۔ ارشد حسین کی نئی کتاب ''پاکستان اور حوّا کی بیٹی'' کی تقریب رونمائی معروف دانشور و ادیب ڈاکٹر فرمان فتح پوری (ستارہ امتیاز) کی صدارت میں 7/ اگست بروز جمعرات شام 5 بجے آرٹس کونسل کراچی میں کلچرل اینڈ لٹریری فورم کے زیر اہتمام منعقد ہوگی۔ تقریب کے مہمانان خصوصی شیخ الجامعہ ڈاکٹر پیرزادہ قاسم اور کراچی کے ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال ہونگے جبکہ معروف ڈرامہ نگار، کالمکار و دانشور محترمہ فاطمہ ثریا بجیا، جسٹس (ر) محترمہ ماجدہ رضوی، پروفیسر سحر انصاری، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز و قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار، کراچی کی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور محترمہ خوش بخت شجاعت تقریب سے خصوصی خطاب فرمائیں گی اور کتاب پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور حوّا کی بیٹی ارشد حسین کی دوسری تصنیف ہے ان کی پہلی کتاب ''حالات کے تقاضے'' مقبولیت کی بلندیوں پر ہے۔

☆☆☆☆☆